فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/4 **_KATHY HOCHUL گورنر_**

گورنر HOCHUL کا نیو یارک کے کمزور لوگوں کے لیے ٹھنڈک کاری کی امداد کے لیے 15$ ملین کا اعلان

انتہائی گرمی اور نمی کے اثرات کے لیے حساس افراد کے لیے ایئر کنڈیشننگ یونٹ دستیاب ہیں

ٹھنڈک کاری کی امداد کے لیے درخواستیں یکم مئی سے قبول کی جائیں گی

پروگرام نے پچھلے پانچ برسوں میں کم آمدنی والے 54,000 سے زائد گھرانوں کی خدمت کی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ایئر کنڈیشنگ سے محروم نیو یارک کے کمزور، کم آمدنی والے مکینوں کو موسمِ گرما کی گرمی کے دوران ٹھنڈا رہنے میں مدد دینے کے لیے گھریلو توانائی کے امدادی پروگرام کے ذریعے 15$ ملین دستیاب ہیں۔ عارضی اور معذوری کی امداد کے ریاستی دفتر کے زیرِ نگرانی، یہ پروگرام اہل گھرانوں، جن میں کوئی ایسا شخص بھی شامل ہے جس کی دستاویزی طبی حالت شدید گرمی کی وجہ سے بڑھ گئی ہو، یا ایسے گھرانوں میں جن میں چھوٹے بچے، یا بزرگ ہوں، کو ایئر کنڈیشنر فراہم کر سکتا ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ٹھنڈک کاری کی امداد کا پروگرام نیو یارک کے ان گنت خاندانوں کے لیے ایک اہم خطِ حیات ہے جنہیں اکثر درجۂ حرارت میں اضافے کے وقت ٹھنڈک کے مہنگے اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جیسے جیسے ریاست بھر میں درجہ حرارت بڑھتا ہے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ کم آمدنی والے اور پسماندہ گھرانوں کے پاس اپنے گھروں میں محفوظ، آرام دہ اور ٹھنڈا رہنے کا ذریعہ ہو"۔

وفاقی مالی اعانت سے چلنے والے پروگرام کے لیے اہل ہونے کے لیے، درخواست دہندگان کا HEAP اہلیت کے معیار اور آمدنی کی حد پر پورا اترنا لازمی ہے، جو گھرانے کے حجم کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں، اور اس میں گھر کا کم از کم ایک ایسا رکن شامل ہوتا ہے جو شدید گرمی کی وجہ سے بگڑ جانے والی طبی حالت کا شکار ہو، یا اس کی عمر 6 سال سے کم یا 60 سال سے زیادہ ہو۔ مثال کے طور پر، چار افراد کا گھرانہ جس کی سالانہ آمدنی 65,829$، یا ماہانہ آمدنی 5,485$ تک ہو، اور وہ بھی مدد کے لیے اہل ہے۔

پروگرام میں ایئر کنڈیشنگ یونٹ اور تنصیب کی لاگت شامل ہوتی ہے۔ توقع ہے کہ ریاست بھر میں 18,500 گھرانوں کی خدمت کی جائے گی۔
ٹھنڈک کاری کی امداد کے لیے درخواستیں پیر، یک مئی تا 31 اگست، یا فنڈنگ ختم ہونے تک قبول کی جائیں گی۔
امداد پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔

نیو یارک سٹی سے باہر کے رہائشی فون یا ذاتی طور پر اپنے سماجی خدمات کے مقامی محکموں سے رابطہ کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔ نیویارک شہر کے رہائشی مقامی HRA فوائد رسائی مرکز میں ذاتی طور پر، فون کے ذریعے، یا access.nyc.gov پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

گزشتہ برس، پہلی بار، طبی ضرورت کو چھوڑ کر ٹھنڈک کاری کی امداد کے لیے اہلیت کو بڑھایا گیا اور 23,500 سے زیادہ گھرانوں کو امداد ملی تھی۔ اہلیت کے تقاضوں کو اس سال ایک بار پھر درست کیا گیا تاکہ سب سے زیادہ

کمزور گھرانوں کی خدمت کو ترجیح دی جا سکے - جن میں گرمی کی وجہ سے خراب ہونے والی طبی حالت، یا چھوٹے بچے، یا بزرگ افراد شامل ہیں۔

نیو یارک بھر میں 54,000 سے زائد گھرانوں نے پچھلے پانچ سالوں میں ٹھنڈک کاری کی امداد سے فائدہ اٹھایا ہے۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری میں امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "انتہائی گرم اور مرطوب موسم ہمارے نیو یارک کے کچھ انتہائی کمزور ساتھی مکینوں کو، بشمول طبی حالتوں میں مبتلا افراد، بزرگوں اور چھوٹے بچوں کو سنگین خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ کوئی بھی فرد جو اہل ہو سکتا ہے اسے ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اس ممکنہ طور پر جان بچانے والی امداد کے لیے درخواست دے"۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے بزرگ افراد کے قائم مقام ڈائریکٹر Greg Olsen نے کہا، "انتہائی گرمی ضعیف العمر بزرگوں کی صحت و سلامتی کو لاحق ایک بڑا خطرہ ہے، خصوصاً ان لوگوں کے لیے جو کہنہ امراض میں مبتلا ہیں۔ گرمی کی بڑھتی ہوئی عام لہروں کے دوران ایئر کنڈیشنر خطِ حیاتن ہو سکتے ہیں۔ میں ان تمام اہل ضرورت مند بزرگوں کو ترغیب دیتا ہوں کہ وہ آنے والے موسم گرما کے مہینوں کی تیاری کرنے کے لیے HEAP ٹھنڈک کاری امداد کے فائدے کے لیے درخواست دیں۔ عمر رسیدہ افراد کے مقامی دفاتر درخواست دینے کے عمل میں بزرگوں کی مدد کے لیے ایک وسیلے کے طور پر تیار ہیں"۔

نمائندے Paul Tonko نے کہا، "درجۂ حرارت میں اضافے کے ساتھ، امریکیوں کے محفوظ اور ٹھنڈے رہنے کو یقینی بنانا بہت ضروری ہے۔ مجھے ان وفاقی ڈالروں کو تفویض کروانے، HEAP کو مضبوط بنانے، اور یہ یقینی بنانے کے لیے اپنے کام پر فخر ہے کہ خاندان اپنے گھر کے توانائی کے بلوں کو برداشت کر سکتے ہیں۔ میں نیو یارک کے اہل افراد کو ترغیب دیتا ہوں کہ وہ اس اہم پروگرام کے لیے درخواست دیں اور اس موسم گرما میں ٹھنڈے رہیں"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418